بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اداریہ

## اسلام اور جدید سائنس کے موضوع پر پشاور فقہی کانفرنس کا انعقاد

## جدید فقہی تحقیقات کے سلسلے میں ایک مژدہ

یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلام ایک جامع حقیقی اور نظام حیات کا ایک ابدی نظام ہے۔ کتاب وسنت کے تعلیمات اس نظام کی بنیاد ہے اور یہ اس نظام کی کامیابی کی دلیل ہے کہ تغیر زمان ومکان کے ساتھ اس کے تعلیمات ہر دور میں انسان کی بہترین رہنمائی کا واحد ذریعہ ہے۔ اسلام کی اس خصوصیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کے اصولوں کو اس قدر محکم بنیادوں پر استوار کیا ہے کہ یہ مختلف اقوام اور ادوار کے امزاجہ اور تقاضوں کو اپنے اندر سمونے کی مکمل استعداد رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ دین اب تک ایک زندہ حقیقت کے طور پر موجود رہا ہے اور قیامت تک رہے گا۔

اسلام کی اس خصوصیت نے علماء اور دانشوران ملت کے کندھوں پر ایک بہت بڑی ذمہ داری ڈال دی ہے اور وہ یہ ہے کہ انہیں ہر دور کے اُبھرتے ہوئے مسائل کا ادراک کرنا چاہیئے اور ان کا اسلامی حل تلاش کرنے کے لئے مقدور بھر جدو جہد کرنی چاہیئے۔

آج جبکہ موجودہ حالات میں معاشرہ میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہوئیں سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی نے نئے افق پیدا کئے۔ زندگی کے مختلف پہلو اور معاشی واقتصادی امور میں ماڈرن سائنس کے انکشافات اور جدید ٹیکنالوجی میں ترقیات نے نئے مسائل کھڑے کئے جو لوگ اسلام پر چلنا چاہتے ہیں اور شریعت کو اپنی زندگی کے دوسرے میدانوں میں معیار ہدایت قرار دے کر زندگی گزارنا چاہتے ہیں ان کے سامنے ایسے سینکڑوں سوالات پیدا ہو رہے ہیں جن کے بارے میں وہ علماء اور اصحاب افتاء کی طرف رجوع کرتے ہیں اور رہنمائی کے طالب ہیں اس لئے ان مسائل پر اس ضرورت کے پیش نظر علماء واصحاب دانش کے باہمی تبادلہ خیال کے ذریعہ درپیش مسائل کے ایسے حل نکالنے کے لئے کہ جو اصول شرع سے ہم آہنگ ہو اور فکری شذوذ سے پاک ہو پاکستان بھر کے جید اہل علم کے اشتراک سے المرکز الاسلامی بنوں کے زیر اہتمام جدید فقہی تحقیقات کے عنوان پر ''اسلام اور جدید سائنس'' کے موضوع پر ۴/ ۵ شعبان ۱۴۲۵ھ موافق 18-19 ستمبر 2004ء، ہفتہ اور اتوار کو پشاور فقہی کانفرنس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ جس میں جید علماء اور محققین حضرات جدید

سائنس اور ٹیکنالوجی کے انکشافات اور ایجادات سے رونما ہونے والے مسائل پر قران وسنت کی روشنی میں بحث کریں گے۔

اس کانفرنس میں ان بہت سارے شکوک وشبہات اور ابھامات کا ازالہ ہوگا جو اسلام کے حوالہ سے زیر بحث رہتے ہیں پیش امدہ سوالات کا جواب پیش ہوگا۔ ماڈرن سائنس کے انکشافات اور ایجادات پر بہت سارے مسائل کا فقہی حل پیش کیا جائے گا جس کا ایک عرصہ سے شدت سے انتظار کیا جارہا ہے۔ کتاب وسنت اور جدید سائنس وٹیکنالوجی کا موازنہ کے بہت سارے موضوعات پر تحقیقی مقالات پیش ہوں گے۔

الحمدللہ ان موضوعات پر بعض اہل علم کی اچھی کاوشیں موجود ہیں لیکن اس پر باقاعدہ جامع انداز میں فقہی مجلس منعقد کرنے کا شدت سے احساس کیا جارہا ہے۔

پشاور فقہی کانفرنس اس جانب ایک مثبت قدم ہے جہاں اس طرح کے مسائل پر اہل علم جامع تحقیقی انداز میں بحث کریں گے تاکہ اس کے نتیجہ میں پیش آنے والے مسائل کی نشاندہی ہوسکے اور اس پر علماء کی اجتماعی رائے قائم کرنے کی طرف کوششوں کا اغاز ہوسکے۔ اس کانفرنس میں ملک بھر کے جید علماء اور دانشوران ملت اور ماہرین تحقیقی انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ اس کانفرنس میں ہم ایسے حضرات کو حصہ لینے کی دعوت دیتے ہیں۔

اس کانفرنس سے استفادہ کے لئے سامعین میں فارغ التحصیل اور گریجویٹ حضرات شریک ہوں گے جو ان موضوعات کا صحیح ادراک کرسکیں۔

الحمدللہ کہ اس سے قبل المرکز الاسلامی بنوں کے زیر اہتمام پہلی بنوں فقہی کانفرنس 17-18 /اپریل 1996ء، دوسری بنوں فقہی کانفرنس 17-18 /اپریل 1998ء، ایبٹ آباد فقہی سیمنار 13 /ستمبر 2001ء، اسلام آباد فقہی سیمنار بعنوان ''اسلام کا مالیاتی نظام'' منعقدہ 15-16 /مارچ 2003ء کا کامیاب انعقاد ہوچکا ہے اور ملک بھر سے علماء اور فقہاء کے علاوہ ارباب علم و دانش، میڈکل سائنس کے ماہرین اور معاشیات، سماجیات اور دیگر علوم کے ماہرین شریک رہے۔

ملک کے مختلف حصّوں سے ہزاروں مندوبین نے اس سے استفادہ کیا ان علمی مجالس میں مقالہ نگار حضرات نے جدید مسائل کا فقہی حل کے حوالے سے پرمغز مقالات پیش کئے جو کہ اب 9 ضخیم جلدوں میں ترتیب وطباعت کے آخری مراحل میں ہیں تاکہ عام قارئین ان جدید فقہی تحقیقات سے مستفید ہوسکیں۔

اسلام اور جدید سائنس کے عنوان پر پشاور فقہی کانفرنس کا انعقاد ایک خالص علمی اور تحقیقی پروگرام ہے اور جدید فقہی تحقیقات پیش کرنے

کی طرف ایک جستجو اور قدم ہے۔

ان علمی مجالس کے انعقاد سے جہاں ہمیں اپنے ماہرین کی اراء کو سمجھنے کا موقع مل سکے گا وہاں یہ ہمارے قابل فضلاء کرام کو علمی وتحقیقی کام پر لگایا جاسکے گا۔موجودہ اقتصادی و معاشی جدید تحقیق وتخلیق اور روزمرہ تبدیلیوں میں پیش آنے والے شرعی نقاط اور ان مشکلات کا اصول فقہ کی روشنی میں صحیح حل پیش کرنے کی جامع کوشش کا آغاز ہوسکے گا اور اہل علم کو جدید مسائل سے واقف کرایا جاسکے گا۔

ہم اس خوشخبری اور اعلان کے ذریعہ جملہ اہل علم واحباب سے گزارش کریں گے کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں..............

☆...... اس کانفرنس کے سلسلہ میں فوری طور پر اپنی تجاویز سے ہمیں آگاہ کریں۔

☆...... اسلام اور جدید سائنس کے متعلق کسی موضوع پر اپنی تحقیق سے ہمیں آگاہ کریں۔

☆...... کانفرنس میں شرکت کے لئے ہماری اس دعوت کو شرف قبولیت دیں۔

☆...... اس اہم علمی، تحقیقی کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ہماری مدد فرمائیں۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین اور علم کی صحیح خدمت کرنے کی توفیق بخشے۔ **واللہ ولی التوفیق۔**

سید نصیب علی شاہ الہاشمی

بانی فقہی کانفرنس

رئیس جامعۃ المرکز الاسلامی بنوں پاکستان


**خوشخبری**

**جدید فقہی مقالات 9 جلدوں میں**

الحمد للہ کہ اہل علم کے شدید اصرار پر پہلی بنوں فقہی کانفرنس 1996ء، دوسری بنوں فقہی کانفرنس 1998ء ، ایبٹ آباد فقہی سمینار 2001ء، اسلام آباد فقہی سمینار 2003ء کو مختلف موضوعات کے لحاظ سے تقسیم کرکے 9 جلدوں میں اس کی جدید ترتیب مکمل کی گئی ہے اور عنقریب زیور طباعت سے آراستہ ہو کر افادہ عام کے لئے شائع کئے جارہے ہیں۔احباب اپنی کاپی محفوظ کرنے کے لئے رجوع کرسکتے ہیں۔

برائے رابطہ: ڈاکخانہ جامعۃ المرکز الاسلامی ڈیرہ روڈ بنوں (پاکستان) فون نمبر: 0928-310352 فیکس: 0928-320355

اکاؤنٹ نمبر: 1813 حبیب بینک لکی گیٹ بنوں۔ ای میل: almarkazulislami@maktoob.com